# تعلقات عامہ دفتر

# جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

September 30,2024

پریس ریلیز

**سوچھتا ہی سیوا دو ہزار چوبیس: جامعہ کے ملازمین نے سوچھتا کا عہد لیا؛ 'صفائی مترا سرکشا شیور' یکم اکتوبر کو منعقد ہوگا**

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے ملازمین نے یونیورسٹی کے انتظامی بلاک میں 'سوچھتا ہی سیوا دو ہزار چوبیس' پکھواڑہ کے حصے کے طور پر آج سوچھتا عہد لیا۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ کے مسجل جناب نسیم حیدر نے انگریزی میں ملازمین کو سوچھتا عہد دلایا جب کہ پروفیسر اندوویریندرا نے ہندی زبان میں سوچھتا کا عہد دلایا۔ 'سوچھتا ہی سیوا' کا پکھواڑہ چودہ ستمبر دو ہزار چوبیس سے یکم اکتوبر دو ہزار چوبیس کے درمیان یونیورسٹی میں منایا جارہا ہے اور بابائے قوم مہاتما گاندھی کی سالگرہ دو اکتوبر کو 'سوچھ بھارت دیوس' کے پروگرام پر اختتام پذیر ہوگا۔

یونیورسٹی کے تدریسی و غیر تدریسی عملہ نے اس موقع سے صفائی وستھرائی اور اس کام کے لیے وقت دینے کا عہد لیا۔ وہ خود بھی گندگی پھیلانے سے پرہیز کریں گے اور دوسروں کو بھی ایسا کرنے سے روکیں گے اور اپنی ذات، کنبے، آس پاس، گاؤں اور اپنے دفتر سے صفائی ستھرائی کی شروعات کریں گے۔ صفائی کے عہد لینے کی تقریب اس امید کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی کہ صفائی کی جانب سے بڑھایا گیا ہر قدم ملک کو صاف ستھرا رکھنے کے سلسلے میں معاون ہوگا۔

یونیورسٹی کے دیگر شعبہ جات اور مراکز میں صفائی وستھرائی کا عہد لیا گیا وہاں طلبا اور اساتذہ نے کیمپس اور آس پاس کے علاقے، شہر اور ملک کو صاف ستھرا رکھنے کا عہد کیا۔

ہیش سوچھتا دو ہزار چوبیس کے حصے کے طور پر ڈاکٹر ایم اے انصاری ہیلتھ سینٹر، جامعہ ملیہ اسلامیہ سب کے لیے یکم اکتوبر دو ہزار چوبیس کو 'صفائی مترا' کے عنوان سے ایک ہیلتھ کیمپ 'صفائی مترا سورکشا شیور' کا انعقاد کرے گا۔ ہیلتھ سینٹر کے میڈیل آفیسر صفائی مترا کا ہیلتھ چیک اپ کریں گے۔ ان کی ذیابیطس میلیٹس، ہائپرٹینشن، ہیپاٹائٹس بی اور ایچ آئی وی انفیکشن کی جانچ بھی کی جائے گی اور انھیں ہیپاٹائٹس بی ٹیکہ اور ٹیٹنس کا انجیکشن دیا جائے گا۔

وقفے وقفے سے ان کی کونسلنگ ہوگی اور ان کے تحفظ کے لیے انھیں 'این نائنٹی فائیو ماسک' بھی فراہم کرایا جائے گا۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی